# سینیڈ (Senedd) کے انتخابات اور ارکان میں تبدیلیاں



## 7 مئی 2026 کے انتخابات سے آپ کو سینیڈ (Senedd) میں کچھ تبدیلیاں نظر آئیں گی۔

یہاں درج ذیل میں وہ معلومات ہیں جو آپ کے لیے جاننا ضروری ہیں:

- 96 اراکین: سینیڈ (Senedd) میں 60 کے بجائے 96 اراکین ہوں گے۔
- نیا ووٹ ڈالنے کا نظام: اب 16+ کے ہر فرد کا ایک ووٹ ہوگا، جس سے وہ کسی سیاسی جماعت یا آزاد امیدوار کا انتخاب کرے گا۔
- نئے حلقے: ویلز میں 16 حلقے ہوں گے۔ ہر حلقہ چھ اراکین منتخب کرے گا۔
- نئے قواعد: جو بھی انتخاب میں حصہ لے گا اس کے لئے ویلز کا رہائشی ہونا لازمی ہو گا۔

Senedd Cymru
Welsh Parliament

# ان سوالات کو ملاحظہ کریں:

- یہ کیوں اہم ہے؟
- سینیڈ (Senedd) کے کتنے اراکین ہوں گے؟
- ووٹنگ کا نظام کیسے بدل رہا ہے؟
- ووٹ دینے کا اہل کون ہے؟
- حلقہ بندیاں کیسے بدل رہی ہیں؟
- عام سوالات



# یہ کیوں اہم ہے؟

## ویلز کی اپنی پارلیمنٹ ہے- سینیڈ (Senedd)۔ اس کا مطلب ہے سینیڈ (Senedd) نہ کہ برطانیہ کی پارلیمنٹ، سینیڈ (Senedd) کئی

شعبوں میں ویلز کے لیے قوانین بناتی ہے، بشمول:

- ہسپتال اور جی پی
- اسکول
- سڑک اور ریل ٹرانسپورٹ
- زراعت اور جانور
- ماحولیات
- ویلش زبان

ویلز کے قوانین ویلز کی صورتحال کو دیکھتے ہیں، جو برطانیہ کے دیگر حصوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

سینیڈ (Senedd) کے ذریعے بنائے گئے قوانین جو صرف ویلز پر لاگو ہوتے ہیں لیکن انگلینڈ پر نہیں:

- ایک بار استعمال ہونے والے تھیلوں (کیریر بیگز) پر ادائیگی کا نفاذ (برطانیہ میں ایسا کرنے والا پہلا ملک)
- 20 میل فی گھنٹہ کی حدِ رفتار
- مارنے پیٹنے پر پابندی

اس کا مطلب ہے کہ مئی 2026 میں جن اراکین کو آپ منتخب کریں گے، وہ آپ کی روزمرہ زندگی کو متاثر کرنے والے فیصلے کریں گے۔

# سینیڈ (Senedd) کے کتنے اراکین ہوں گے؟

## 7 مئی 2026 کے انتخابات سے، سینیڈ (**Senedd**) میں 60 کے بجائے 96 اراکین ہوں گے۔

پچھلے 25 سالوں سے اراکین کی تعداد اتنی ہی رہی ہے، حالانکہ اب اس کی ذمہ داریاں زیادہ ہیں، جیسے ویلز میں مکمل قانون سازی اور ٹیکس میں تبدیلی کے اختیارات۔

زیادہ ارکان ہونے سے سینڈ کو مدد ملے گی کہ وہ ویلش حکومت کے منصوبوں اور اخراجات کا بہتر جائزہ لے سکے گی اور اہم معاملات پر جیسے کہ ہسپتالوں، تعلیم، اور ٹرانسپورٹ (نقل و حمل) پر سوال اٹھا سکے گی۔

96 ارکان کے ساتھ، سینیڈ (Senedd) میں آپ کے نمائندوں کی تعداد ویلز کے برابر حجم والے دیگر ممالک کے مطابق ہو جائے گی—جیسے اسکاٹ لینڈ، جہاں 129 ارکان ہیں، اور شمالی آئرلینڈ، جہاں 90 ارکان ہیں۔

### نیا کیا ہے؟

- ووٹرز 96 اراکین منتخب کریں گے۔
- آپ کے چھ نمائندے ہوں گے جو سینیڈ (Senedd) میں آپ کی نمائندگی کریں گے۔
- الیکشن میں کھڑے ہونے والے امیدوار کے لیے ویلز کا رہائشی ہونا لازمی ہوگا۔

# ووٹنگ کا نظام کیسے بدل رہا ہے؟

## 2026 میں، آپ کا ووٹ کرنے کا طریقہ بدل جائے گا۔

اگر آپ کی عمر 16 سال سے زیادہ ہے تو آپ 2026 کے سینیڈ (Senedd) کے الیکشن ووٹ دے سکتے ہیں۔

سینیڈ (Senedd) میں اپنی کمیونٹی کے لیے امیدوار کا انتخاب کرنے کے لیے آپ کے پاس ایک ووٹ ہو گا۔

نیا ووٹ ڈالنے کا نظام 'کلوزڈ پروپورشنل لسٹ سسٹم' کہلاتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کسی جماعت یا آزاد امیدوار کو ووٹ دیتے ہیں بجائے کسی فرد کے۔

بیلٹ پیپر پر آپ کے حلقے کے امیدواروں کی مکمل فہرست ہو گی تاکہ آپ جان سکیں کہ آپ کس کے لیے ووٹ دے رہے ہیں۔

اگر کسی جماعت کو کافی ووٹ ملیں تو وہ سینیڈ (Senedd) میں نشست حاصل کرے گی۔ اگر آزاد امیدوار کو کافی ووٹ ملیں تو وہ سینیڈ (Senedd) میں نشست حاصل کریں گے۔

مزید جانیں: اگلے سینیڈ (Senedd) کے انتخابات میں نیا ووٹنگ نظام کس طرح کام کرے گا؟

## نیا کیا ہے؟

- پچھلے انتخابات کی طرح دو بیلٹ پیپرز کی بجائے آپ کے پاس ایک ووٹ اور ایک بیلٹ پیپر دیا جائے گا سینیڈ (Senedd) کا نمائندہ منتخب کرنے کے لئے۔
- جب آپ ووٹ کرتے ہیں، تو آپ آزاد امیدوار یا سیاسی پارٹی کو منتخب کرتے ہیں جسے آپ چاہتے ہیں کہ وہ آپ کی نمائندگی کرے۔
- 2026 سے سینیڈ (Senedd) انتخابات ہر چار سال بعد منعقد ہوا کریں گے۔

# ووٹ دینے کا اہل کون ہے؟

7 مئی 2026 کو سینیڈ (Senedd) کے انتخابات میں ووٹ دینے کے لیے آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ:

- انتخابات کے دن آپ کی عمر 16 سال یا اس سے زیادہ ہونی چاہیے
- آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ (اندراج شدہ) ہوں
- آپ برطانوی، آئرش یا اہل دولتِ مشترکہ کے شہری ہوں، یا یورپی یونین کے شہری، یا اہل غیر ملکی شہری ہوں
- ویلز میں مقیم ہوں

## آپ کو یقین نہیں کہ آیا آپ اہل ہیں؟

الیکٹورل (انتخابی) کمیشن کی ویب سائٹ پر ووٹ کے لیے رجسٹریشن سے متعلق مزید معلومات دستیاب ہیں:

ووٹ کے لیے رجسٹر کریں | الیکٹورل (انتخابی) کمیشن



# حلقہ بندیاں کیسے بدل رہی ہیں؟

## ویلز کے 40 کے بجائے 16 حلقے ہونگے.

ہر نئے حلقے کے کے چھ ممبران ہونگے، جو سینیڈ کے کل منتخب ممبران کو 96 بنائیں گے.

ڈیموکریسی اینڈ باؤنڈری (جمہوریت اور سرحدی) کمیشن کمریو نے ویلز کے 32 برطانوی پارلیمانی حلقوں کو جوڑ / ملا کر نئے علاقے بنائے ہیں۔ انہوں نے مقامی سرحدوں، سڑکوں اور ٹرانسپورٹ کے روابط، اور دریاؤں و پہاڑوں جیسے قدرتی عوامل کو بھی مد نظر رکھا۔

## 2026 کے انتخابات کے لیے سینیڈ کے انتخابی حلقے:

1. Bangor Conwy Môn
2. Clwyd
3. Fflint Wrecsam
4. Gwynedd Maldwyn
5. Ceredigion Penfro
6. Sir Gaerfyrddin
7. Gŵyr Abertawe
8. Brycheiniog Tawe Nedd
9. Afan Ogwr Rhondda
10. Pontypridd Cynon Merthyr
11. Blaenau Gwent Caerffili Rhymni
12. Sir Fynwy Torfaen
13. Casnewydd Islwyn
14. Caerdydd Penarth

15. Caerdydd Ffynnon Taf


16. Pen-y-bont Morgannwg

آپ اپنے نئے انتخابی حلقے کو ہمارے نئے **حلقہ تلاش نقشہ** میں اپنا پوسٹ کوڈ ڈال کر معلوم کر سکتے ہیں۔

## نیا کیا ہے؟

- ویلز میں 16 حلقے ہوں گے۔
- ہر حلقہ سینیڈ (Senedd) کے چھ اراکین منتخب کرے گا۔

ان تمام تبدیلیوں کا مطلب ہے آپ، آپ کے خاندان اور آپ کی کمیونٹی کے لیے مضبوط تر نمائندگی۔



# عام سوالات

## 2026 کے سینیڈ (Senedd) کے انتخابات کب ہونگے؟

7 مئی 2026

## کیا سینیڈ (Senedd) کی عمارت کو تبدیلی کی ضرورت ہے؟

سینیڈ (Senedd) کے مباحثہ ہال، سیامبر، میں تمام 96 ارکان کے لیے جگہ بنانے کے لیے تبدیلیاں کی جائیں گی۔ یہ کام اپریل 2025 میں شروع ہوگا اور بہار 2026 میں مکمل کر لیا جائے گا۔

مزید عام سوالات <





Senedd Cymru
Welsh Parliament

www.senedd.cymru | www.senedd.wales